کوئٹہ (آن لائن) پیپلز پارٹی کے رہنماء صوبائی مشیر برائے محکمہ بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے وفاق کی جانب سے بلوچستان کو نظرانداز کیا گیا لیکن صدر مملکت آصف علی زرداری اور پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن اور نواب ثناء اللہ زہری کے نقش قدم پر چلتے ہوئے بلوچستان کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں آنیوالے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے کیا پیپلز پارٹی کے رہنماء صوبائی مشیر برائے محکمہ بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا ہے کہ پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن اور نواب ثناء اللہ خان زہری کے نقش قدم پر چلتے ہوئے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے دی گئی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے ادا کریں گے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے محکمہ بلدیات کے قلمدان کا باقاعدہ چارج سنبھال کر کام شروع کردیا

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 14 FEB 2025 Page No. 13


## PAC، محکمہ صحت کے 2012-13 سے 2015-16 تک آڈٹ پیراز پر غور

### محکمہ صحت کی جانب سے متعلقہ ریکارڈ فراہم نہ کیے جانے پر چیئرمین اور اراکین کمیٹی کا اظہار برہمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس بلوچستان اسمبلی کے کمیٹی روم میں چیئرمین اصغر علی ترین کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین میر زابد علی ریکی، رحمت صالح بلوچ، فضل قادر مندوخیل، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ڈی جی آڈٹ بلوچستان شجاع علی، ایڈیشنل سیکرٹری سراج لہڑی، محکمہ صحت، محکمہ خزانہ اور محکمہ قانون کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ صحت کے مالی سال 2012-13 سے 2015-16 تک کے آڈٹ پیراز اور نیشنل پروگرام برائے فیملی پلاننگ و پرائمری ہیلتھ کیئر (لیڈی ہیلتھ ورکرز) کے اسپیشل آڈٹ رپورٹ پر تفصیلی غور کیا گیا۔ کمیٹی نے محکمہ صحت کی جانب سے متعلقہ ریکارڈ فراہم نہ کیے جانے پر چیئرمین اور اراکین کمیٹی نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ چیئرمین نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ ریکارڈ پندرہ دن کے اندر پیش کیا جائے بصورت دیگر سخت کارروائی کی جائے گی۔ کمیٹی نے اس معاملے پر مزید پیش رفت کے لیے 11 مارچ 2025 کو دوبارہ اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا۔ اجلاس کے بعد چیئرمین پی اے سی اصغر علی ترین، میر زابد علی ریکی، رحمت صالح بلوچ، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری سراج لہڑی اور ڈی جی ہیلتھ نے بلوچستان اسمبلی کے بی ایچ یو کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے اراکین کمیٹی اور ڈی جی ہیلتھ کو بریفنگ دیتے ہوئے آگاہ کیا کہ اسمبلی بی ایچ یو میں ادویات و جراحی آلات کی شدید کمی ہے۔ ڈی جی ہیلتھ نے یقین دہانی کرائی کہ بی ایچ یو کو مزید فعال بنانے اور ضروری طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

## صحبت پور: سی ٹی ڈی کی کارروائی، دھماکہ خیز مواد ڈیٹونیٹر اور بیٹریاں برآمد

### دھماکہ خیز مواد میں روڈ کے پل کے نیچے نصب کیا گیا تھا، علاقے کو بڑی تباہی سے بچا لیا گیا

صحبت پور (نامہ نگار) سی ٹی ڈی نصیر آباد اور صحبت پور کی مشترکہ کارروائی سے صحبت پور بڑی تباہی سے بچ گیا۔ گزشتہ شب خفیہ اطلاع ملنے پر سی ٹی ڈی نصیر آباد کی ٹیم نے صحبت پور کشمور روڈ نوز بند کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے دھماکہ خیز مواد ڈیٹونیٹر اور بیٹریاں برآمد کرلیں۔ دھماکہ خیز مواد میں روڈ کے پل کے نیچے نصب کیا گیا تھا۔ بروقت اطلاع ملنے پر سی ٹی ڈی سی آئی اے اور اسپیشل برانچ کا عملہ پہنچ گیا اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی مدد سے دھماکہ خیز مواد کو ناکارہ بنا کر علاقے کو بڑی تباہی سے بچا لیا گیا۔

## ڈیرہ بگٹی: ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں کھلی کچہری

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ ڈیرہ بگٹی اور ایف سی بمبور رائفلز ڈیرہ بگٹی کی جانب سے ڈیرہ بگٹی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی زوہیب الحق کی سربراہی میں جناح سٹیڈیم ڈیرہ بگٹی میں کھلی کچہری میں عوامی مسائل سنے گئے جس میں کمانڈنٹ بمبور رائفلز ڈیرہ بگٹی عبدالوہاب نے خصوصی شرکت کی کھلی کچہری میں تمام ضلعی افسران وقبائلی عمائدین اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی کھلی کچہری میں ڈیرہ بگٹی کے قبائلی عمائدین اور عوام نے اپنے چھوٹے بڑے مسائل بیان کیے اور درخواستیں پیش کیں ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی نے عوامی مسائل سنے اور یقین دہانی کرائی کہ مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔

## بلوچستان کا طویل ساحل سیاحت وتجارتی سرگرمیوں کیلئے اہم ہے، بلال کاکڑ

### اقتصادی زونز کی ترقی کے حوالے سے اجلاس، پی پی پی ماڈل سے استفادہ کرنے پر اتفاق

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) ماڈل کے تحت بوستان اور حب خصوصی اقتصادی زونز (SEZs) کے دوسرے مرحلے کی ترقی کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا۔ جس میں بی بی او آئی ٹی کے سی ای او عبدالکبیر زرکون، سی ای او بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ڈاکٹر فیصل خان کاکڑ، ڈائریکٹر SEZ بلوچستان آصف کھوسہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں خصوصی اقتصادی زونز کی ترقی کے عمل کو تیز کرنے، نجی شعبے کو سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنے اور بلوچستان میں پائیدار صنعتی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ


MASHRIQ QUETTA


## تعلیم یافتہ مائیں ہی اپنے بچوں کی بہتر تربیت کرسکتی ہیں، سیکرٹری اطلاعات

نقل ایک ناسور اسکی روک تھام ناگزیر آج دور ڈیجیٹل اس میں تعلیم کی بہت بڑی اہمیت ہے' شبوزئی میں میٹرک امتحانی سینٹروں کا دورہ

### قلم اور انفارمیشن کی طاقت ہتھیار سے زیادہ ہے' کنٹریکٹ سوشل ایکٹیویسٹ بھرتی کی تجویز بھی زیر غور ہے' لورالائی میں زیر تعمیر ڈویژنل انفارمیشن آفس کا معائنہ

لورالائی (خ ن) صوبائی سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے زیر تعمیر ڈویژنل انفارمیشن آفس کا معائنہ کیا ان کے ہمراہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر امیر جان لونی و دیگر بھی تھے اس موقع پر ایس ڈی او سی اینڈ ڈبلیو محمد انور لونی نے انہیں بتایا کہ ڈویژنل انفارمیشن آفس میں کل چار کمرے، سٹور اور کچن، چار دیواری انڈر گراؤنڈ ٹینک اور اوور ہیڈ ٹینک شامل ہیں ابھی تک صرف 20 لاکھ روپے ریلیز ہوئے ہیں حالانکہ بلڈنگ .........


بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر


مکمل ہونے کے قریب ہے اسے جون 2025ء تک مکمل کریں گے سیکرٹری انفارمیشن عمران خان نے جاری کام پر تسلی کا اظہار کیا اور مطلوبہ فنڈ جلد ریلیز کرنے کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا کہ مزید بھی ایک کروڑ آٹھ لاکھ روپے بجٹ دیں گے جس میں ایک بڑا ہال اور رہائشی کوارٹر تعمیر کریں گے انہوں نے بتایا کام بھی معیاری طور خصوصا دروازے کھڑکیاں اچھی لگانے کی ہدایت کی قبل ازیں سیکرٹری انفارمیشن نے ڈویژنل انفارمیشن آفس کمشنر کمپلکس کا معائنہ بھی کیا اور اس میں موجود سہولیات کا جائزہ لیا جہاں پر سیکشن انچارج اسسٹنٹ ڈائریکٹر امیر جان لونی نے دفتر کا وزٹ کرایا اور تفصیلات بتائی سیکرٹری انفارمیشن عمران خان نے اس موقع پر کہا کہ محکمہ اطلاعات حکومت اور عوام کے درمیان پل کا کردار ادا کرتا ہے

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج سہہ پہر 3 بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج سہہ پہر 3 بجے ہوگا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قواعد انضباط کار.........


بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر


بلوچستان اسمبلی مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر 170(D) کے تحت محکمہ تعلیم (کالجز ہائیر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن اور اسکول ایجوکیشن) سے متعلق اراکین اسمبلی کو بریفنگ دینے کے بابت بلوچستان اسمبلی کے ہال کو کل ایوان کی مجلس تشکیل دینے سے متعلق تحریک پیش کریں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated 14 FEB 2025 Page No. 15


## نقل کی روک تھام کیلئے پرعزم ہیں، چیئرمین بورڈ بلوچستان

### چھاپے میں کرپشن کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا، پروپیگنڈا کیا جارہا ہے، اعجاز احمد

کوئٹہ( پ ر) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے چیئرمین اعجاز احمد بلوچ نے کہا ہے کہ میٹرک کے سالانہ امتحانات میں نقل کرنے والے طلباء اور نقل کروانے میں ملوث عملے کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی، محکمہ اینٹی کرپشن کا بورڈ آفس کے چھاپے کے دوران کرپشن کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا اور نہ ہی بورڈ آفس کا کوئی عملہ کرپشن میں ملوث ہے، کسی کے پاس یہ اختیار نہیں کہ وہ یکطرفہ فیصلہ کرے۔ اپنے بیان میں اعجاز احمد بلوچ نے کہا کہ میٹرک کے سالانہ امتحانات 1لاکھ 50ہزار سے زائد طلباء وطالبات نے حصہ لے رہے ہیں بلوچستان بھر میں 1438امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں، بلوچستان بورڈ کا مینڈیٹ نقل سے پاک امتحانات کروانا ہے لیکن اس بار وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبائی حکومت بھی نقل کی روک تھام کے لئے پرعزم ہے امتحانی مراکز کا دورہ کررہا ہوں ایسا ماحول نہیں وہاں نقل کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ چند لوگ بورڈ آفس کے خلاف پروپگنڈا کررہے ہیں لیکن اس میں صداقت نہیں ہے بورڈ آفس میں سفارش کلچر کی ضرورت ہی نہیں کیونکہ اب تمام تر سسٹم کو آن لائن کردیا گیا ہے، بورڈ آفس سے ڈگری سمیت تمام ڈاکومنٹس کا حصول آسان بنادیا گیا ہے، طلباء کی سہولت کے لئے بورڈ آفس میں بہت سی اصلاحات لائی گئیں ہیں۔

## نقل کے ناسور کو ختم کرنے کے لیے پرعزم، کمشنر کوئٹہ

### وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق اعلیٰ حکام کی ہدایات پر عمل پیرا ہیں، حمزہ شفقات

### امتحانی مرکز کے دورے کے موقع پر گفتگو، سینٹر انسپکٹر نے بریفنگ دی

کوئٹہ(اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق اور اعلیٰ حکام کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے نقل کے ناسور کو ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں کمشنر کوئٹہ ڈویژن ایڈمنسٹریٹو میٹروپولیٹن کارپوریشن حمزہ شفقات نے گزشتہ روز کینٹ پبلک گرلز سکول اینڈ کالج کے امتحانی مرکز کے دورے کے موقع پر کیا انہوں نے کہا کہ نئی نسل کے روشن مستقبل کیلئے نقل کی روک تھام ناگزیر ہے کیونکہ آج امتحانی مراکز میں سخت اقدامات کے دوررس نتائج برآمد ہونگے انہوں نے طالبات کو تلقین کی کہ خوب دل لگا کر محنت کریں تفصیلات کے مطابق پھر کامیابی آپ کے قدم چومے گی اس موقع پر امتحانی مرکز کے سینٹر انسپکٹر چیف آرکیٹیک ایم سی کیو انجینئر عزیز احمد کاکڑ نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو بریفنگ دی جبکہ کمشنر کوئٹہ نے تسلی بخش انتظامات پر سینٹر انسپکٹر، انجینئر عزیز احمد کاکڑ، سپرنٹنڈنٹ طاہرہ ہاشمی اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کی کارکردگی کو سراہا۔

## سیکرٹری آر ٹی اے کی سربراہی میں بسوں کیخلاف کارروائی

### متعدد بسوں کو چالان، دو کو سیکشن 115 کے تحت بند کر دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی علی درانی کی سربراہی میں بغیر پرمٹ بسوں کے خلاف کارروائی۔ متعدد بسوں کو چالان بھی کیا گیا۔ جبکہ دو بسوں کو سیکشن 115 کے تحت بند کر دیا گیا۔ بلوچستان ہائیکورٹ کے احکامات پر پرانی بسوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ بھی جاری ہے گزشتہ ایک ماہ کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 15 کے قریب بسوں کو بند کر دیا گیا ہے۔ قانون کی خلاف ورزی پر متعدد بسوں کو چالان بھی کیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں پشین اسٹاپ پر لوکل بسوں کے روٹ پرمٹ، فٹنیس سرٹیفکیٹ اور ڈرائیورنگ لائسنس چیک کرنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایس پی ٹریفک سٹی شبانہ حبیب، ٹریفک سارجنٹ اور دیگر ٹریفک جوان اور آر ٹی اے کا عملہ بھی موجود تھا۔ انہوں نے کہا کہ بس مالکان کو ہدایات کی گئی ہے چھوٹی کوسٹر یا نئی بسیں متعارف کروائیں تاکہ شہریوں کو بہتر ٹرانسپورٹ سروس فراہم کی جائیں۔

## پانی کے ذخائر بہتر بنا کر زراعت کو فروغ دینگے، سیکرٹری آبپاشی

### پنجگور ڈیم اور خاران میں زیر تعمیر ڈیم سنگ میل ثابت ہونگے، حافظ عبدالماجد

کوئٹہ(خ ن) سیکرٹری آبپاشی بلوچستان حافظ عبدالماجد نے کہا ہے کہ صوبے میں پانی کے ذخائر کو بہتر بنانے اور زراعت کے فروغ کے لیے اہم اقدامات جاری ہیں اس ضمن میں پنجگور ڈیم اور خاران میں زیر تعمیر گروک ڈیم جیسے بڑے منصوبے نہ صرف زرعی ترقی بلکہ عوامی فلاح کے لیے بھی سنگ میل ثابت ہوں گے، سیکرٹری آبپاشی نے بتایا کہ پنجگور ڈیم، جو اس سال شروع کیا گیا، علاقے میں سماجی واقتصادی ترقی کی نوید ہے اس منصوبے کے تحت 24,000 ایکڑ زمین کو سیراب کیا جائے گا، جبکہ پنجگور کو پینے کے پانی کی ضروریات آئندہ 50 سال تک پوری ہوں گی اسی طرح، خاران میں زیر تعمیر گروک ڈیم دسمبر 2025 تک مکمل ہوگا۔ جس پر 27 ارب روپے کی لاگت آئے گی۔ اس ڈیم سے 12,500 ایکڑ اراضی سیراب ہوگی اور آئندہ 45 سال تک علاقے میں پانی کی قلت دور کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آبی وسائل کے بہتر استعمال، نہری نظام کی بحالی اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے پانی کے ضیاع کو روکنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ گروک ڈیم بلوچستان کی زرعی معیشت کے لیے ایک گیم چینجر ثابت ہوگا۔ جو پانی ذخیرہ کرنے کی استعداد میں اضافہ کرے گا اور زرعی پیداوار کو فروغ دے گا حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں، آبی وسائل کے تحفظ اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے پرعزم ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 14 FEB 2025 Page No. 16


## سبی میلہ، طالبات کے مابین مقابلہ نعت آج ہوگا

سبی (نامہ نگار) سبی میلے کے سلسلے میں مقابلہ نعت آج جمعہ کو دن دو بجے گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائی سکول سبی کے ہال میں ہوگا جس میں مختلف گرلز اسکولز کی طالبات اور خواتین حصہ لیں گی ڈی ای او خواتین مہمان خصوصی ہوں گی۔

## سبی میلہ، ٹیکسٹ بک بورڈ کا اسٹال

سبی (نامہ نگار) سبی میلے کی صنعتی وزرعی نمائش میں اس سال بھی چیئرمین ٹیکسٹ بک بورڈ کی ہدایت پر بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کا اسٹال لگایا گیا ہے ادارے کی طرف سے ملک میران خان مشکوری لوگوں کو مفید معلومات فراہم کررہے ہیں اسٹال پر نصابی کتب بھی رکھی گئی ہیں۔

## محکمہ اطلاعات ونشریات کی جانب سے سبی میلے میں تصویری نمائش کا انعقاد

سبی (نامہ نگار) بلوچستان کے سالانہ پانچ روزہ تاریخی وثقافتی سبی میلہ میں محکمہ اطلاعات ونشریات کی جانب سے ہر سال کی طرح اس سال بھی تصویری نمائش کا انعقاد کیا گیا ہے محکمہ تعلقات عامہ کے سعید احمد شاہوانی' دیگر افسران وملازمین لوگوں کو ادارے کے بارے میں معلومات فراہم کررہے ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 14 FEB 2025 Page No. 18


## ڈاریاڑو ضلع خضدار بلوچستان کا قومی حصہ ہے، نیشنل پارٹی

**سندھ حکومت کا اسے سیاحتی مرکز قرار دینا دراندازی، گھناؤنے اقدام کیخلاف بھرپور مزاحمت کی جائیگی، بیان**

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے اپنے بیان میں سندھ حکومت کی جانب سے بلوچستان کی سرزمین کو سیاحتی مرکز قرار دینے کے احکامات کو دراندازی و مضحکہ خیز قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وحدتوں کی سرحدات واضح ہیں، اس کے باوجود بلوچستان کی حدود میں مداخلت قبضہ گیری کی انتہا ہے۔ ڈاریاڑو ضلع خضدار بلوچستان کا قومی حصہ ہے، نیشنل پارٹی کسی کو بھی اپنے قومی سرزمین پر قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دیتی اور ایسے گھناونے اقدام کے خلاف بھرپور مزاحمت کی جائے گی بیان میں کہا گیا کہ اس قبل بھی سندھ حکومت نے خضدار کے مذکورہ و دیگر علاقوں کو ساتھ شامل کرنے کی سازش کی جس پر پارٹی رہنماؤں اور اس وقت کے ایم پی اے نے اسمبلی فلور پر اس مسلہ کو اٹھایا اور عوامی تحریک کی قیادت کی۔ جس پر سندھ حکومت کو ناکامی ہوئی۔ بلوچستان ایک حقیقت ہے اور بلوچستان کی قومی سرزمین وسائل قومی امانت ہیں۔ وفاق کی استحصالی پالیسیوں اور قومی وسائل پر قدغن کی منفی پالیسی نے بلوچستان میں احساس محرومی پیدا کیا۔ بلوچستان کی تاریخی قومی سرزمین کو اس سے قبل انگریز استعمار نے تقسیم کر کے سندھ پنجاب خیبر پختونخوا سمیت ہمسایہ ممالک میں شامل کرادیا۔ جس سے بلوچ مختلف وحدتوں وممالک میں تقسیم ہو گئے۔ سندھ حکومت کی جانب سے حالیہ اقدام بلوچستان کی سرزمین وو سائل پر قبضہ کرنے کی کوشش ہے اور اس قیمتی زمین کو حاصل کرنے کے لیے منفی و گھناونے اقدام سے کام لے رہی ہے۔ بلوچستان حکومت کو بلوچستان کے مفادات کو مدنظر رکھ کر اس دراندازی کو چیلنج کرنا چاہیے۔ پی پی کی بلوچستان حکومت اور پی پی کی صوبائی قیادت اس گھناونے اقدام کو اپنی اعلیٰ قیادت کے سامنے اٹھائیں اور اپنی سرزمین کا دفاع کریں۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان کے تحفظ کے لیے اپنا قومی و سیاسی کردار ادا کریگی۔ اور اپنے قومی وسائل و سرزمین کے تحفظ کے لیے جمہوری مزاحمتی جدوجہد کررہی ہے۔

## کیچ میں جان و مال محفوظ نہیں، بدامنی منظم منصوبے کے تحت ہے، آل پارٹیز

**نواب شمبے زئی کی زیر صدارت آل پارٹیز کیچ کا اجلاس، امن وامان کی صورتحال پر گہری تشویش**

تربت (نامہ نگار) آل پارٹیز کیچ کا ایک اہم اجلاس کنوینز نواب خان شمبے زئی کی صدارت میں ہوا، جس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں اور انجمن تاجران کیچ کے رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کیچ، خصوصاً تربت شہر میں امن وامان کی خراب صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور انتظامیہ کی مکمل ناکامی کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ اجلاس کے شرکاء نے کہا کہ کیچ میں جان و مال محفوظ نہیں ایک منظم منصوبے کے تحت علاقے کو بدامنی کی طرف دھکیلا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں شہر میں قتل و غارتگری، ٹارگٹ کلنگ، مزدوروں پر حملے اور تعلیمی جہدکاروں کو نشانہ بنانے جیسے واقعات انتظامیہ کی ناکامی کا ثبوت ہیں۔ شرکاء نے کہا کہ تربت شہر کو مسلح گروہوں کے حوالے کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں اگر حالات کو قابو میں نہ لایا گیا تو عوام کے ساتھ مل کر سخت احتجاج کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن کے نام پر شہریوں کو ہراساں کرنے، گھروں پر بلاوجہ چھاپے مارنے اور نوجوانوں کو اٹھانے کے واقعات مزید بداعتمادی پیدا کررہے ہیں۔ اجلاس میں اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا کہ گزشتہ چھ ماہ سے ضلع کیچ میں ڈی ایس پی کی پوسٹ خالی ہے، جبکہ ایک جونیئر افسر کو سینئر عہدے پر تعینات کردیا گیا ہے، جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی سنجیدگی پر سوالیہ نشان ہے۔ اجلاس میں ڈپٹی کنوینز آل پارٹیز کیچ و بی این پی عوامی کے مرکزی رہنما کامریڈ ظریف زدگ، بی این پی کے رہنماؤں خان محمد جان گچکی، سید جان گچکی، نیشنل پارٹی کے رہنماء انور اسلم، جماعت اسلامی کیچ کے امیر غلام اعظم دشتی، جمعیت علما اسلام کے مولانا عبدالحفیظ مینگل، مرکزی جمعیت اہل حدیث کے پہلان زامرانی، انجمن تاجران کے رہنما اسحاق روشن دشتی، حاجی جمال مری سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 14 FEB 2025 Page No. 19


## گوہر آباد میں فائرنگ، 1 شخص ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیو سریاب گوہر آباد میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا، پولیس کے مطابق گوہر آباد میں مارگٹ کا رہائشی دودا خان ولد محمد خان گزشتہ شب موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا، پولیس نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیکر نعش کو ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد نعش مردہ خانہ میں رکھ دی گئی۔

## کاسی روڈ پر دو گروپوں میں تصادم، تین افراد زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کاسی روڈ ٹین ٹاؤن میں دو گروپوں میں تصادم کے دوران فائرنگ سے تین افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ٹین ٹاؤن میں گزشتہ شب دو گروپوں میں ہونے والے تصادم کے دوران دونوں جانب سے فائرنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں تین افراد زخمی ہو گئے، اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر تصادم کو بڑھنے سے روک کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا۔

## خضدار: فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، دو زخمی، واقعے کیخلاف روڈ بلاک

**پولیس نے لاش اور زخمیوں کو سول ہسپتال وڈھ منتقل کر کے حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی**

جھالاوان عوامی پینل کے کارکنوں نے قومی شاہراہ پر دھرنا دیدیا، انتظامیہ سے مذاکرات کے بعد احتجاج ختم

خضدار (نامہ نگار) وڈھ گرڈ اسٹیشن کے قریب گاڑی پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق دو زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق جھالاوان عوامی پینل کے شیر علی گرگناڑی اپنے دوستوں کے ہمراہ قومی شاہراہ سے گزر رہے تھے کہ نامعلوم مسلح افراد نے ان کی گاڑی پر فائرنگ کر دی جس نتیجے میں شیر علی ولد محمد موسیٰ گرگناڑی موقع پر جاں بحق جب کہ محمد پناہ اور غلام سرور سمیت دو افراد زخمی ہو گئے پولیس نے لاش اور زخمیوں کو سول ہسپتال وڈھ منتقل کر کے حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی دوسری جانب جھالاوان عوامی پینل کے کارکنان و عہدیداران نے شیر محمد گرگناڑی کے قتل اور اس کے ساتھیوں کو زخمی کرنے کے خلاف زیرو پوائنٹ خضدار بڑنبو کراس اور وڈھ سے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھرنا دے کر قومی شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کے لئے بند کر دیا قومی شاہراہ کو بلاک کرنے کے باعث کوئٹہ و اندرون بلوچستان سے کراچی اور کراچی سے اندرون بلوچستان آنے جانے والی ٹریفک رک گئی سڑک کی دونوں جانب گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں مسافروں جن میں خواتین بزرگ و بچوں کی بھی بڑی تعداد شامل تھی کو شدید پریشانی و مشکلات کا سامنا رہا۔ ضلعی انتظامیہ اور جھالاوان عوامی پینل کے قائدین کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد رات کو خضدار نال کراس اور وڈھ سے دھرنا ختم کر دیا گیا جس کے بعد ٹریفک بحال ہو گئی۔

## مستونگ: قومی دھارے میں شامل ہونے والے سابق کمانڈر کی گاڑی پر حملہ

**گاڑی بلٹ پروف ہونے کے باعث سرفراز بنگلزئی محفوظ رہے، بحفاظت ایف سی کیمپ پہنچا دیا گیا**

مستونگ (نامہ نگار) کالعدم تنظیم کے سابق کمانڈر سرفراز بنگلزئی کے قافلے پر مرو اسپلنجی کے مقام پر مسلح افراد نے قریبی پہاڑوں سے گھات لگا کر حملہ کر دیا۔ وہ اپنے محافظوں کے ساتھ اسپلنجی سے کوئٹہ واپس جا رہے تھے۔ گاڑی بلٹ پروف ہونے کی وجہ سے وہ اس حملے میں محفوظ رہے۔ ان پر۔ سرفراز بنگلزئی کے محافظوں اور مسلح افراد کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ جاری رہا۔ بعدازاں ان کو بحفاظت ایف سی کیمپ پہنچا دیا گیا۔ واضح رہے کہ سرفراز بنگلزئی 2 سال قبل کالعدم تنظیم چھوڑ کر قومی دھارے میں شامل ہوئے تھے۔


MASHRIQ QUETTA


## تربت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، لیویز اہلکار جاں بحق

**مقتول اہلکار حاتم کے اہلخانہ کا میت کو شہید فدا چوک پر رکھ کر احتجاج**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تربت میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے لیویز اہلکار کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تربت کے علاقے وقائی ڈھوک میں ڈاکوؤں نے مزاحمت پر فائرنگ کر کے لیویز اہلکار حاتم کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے مقتول کے اہلخانہ نے میت کو شہید فدا چوک پر........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

رکھ کر احتجاج کیا اور مطالبہ کیا کہ قتل میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہو سکے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 14 FEB 2025 Page No. 20

# نواں کلی میں پانی کی فراہمی ایک سوہانا خواب بن چکی ہے مکین

**کلی کوتوال کے غریب عوام پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں واسا حکام نوٹس لیں، مطالبہ**

**علاقے میں ٹینکر مافیانی ٹینکر 3000 روپے تک فروخت کررہا ہے، حاجی امیر محمد کاکوزئی، عنایت ایڈووکیٹ**

**صاحب حیثیت ٹینکر پانی خرید لیتے ہیں جبکہ غریب پیدل ٹین ڈبوں لے کر کے پانی کی تلاش میں سرگرداں دیکھائی دیتے ہیں**

کوئٹہ (اریا رپورٹر) صوبائی دارلحکومت کوئٹہ کے نواحی اور گنجان آباد علاقے پانی جیسی بنیادی سہولت سے محروم، مکین پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، لوگ ٹینکر مافیا کے رحم وکرم پر، فی ٹینکر 3000 سے لیکر 5200 روپے تک خریدنے پر مجبور، کلی خانان کے ٹیوب ویل سے گزشتہ کئی عرصوں سے پانی کی سپلائی بند ہے، محکمہ واسا حکام نے نوٹس نہیں لیا پورے کوتوال اور اس کے اطراف کو پانی فراہم نہیں کیا تو سخت احتجاجی تحریک چلانے پر مجبور ہوجائینگے، مشرق سروے ٹیم نے اس سلسلے میں کوتوال اور اس کے اطراف کا تفصیلی سروے کیا لوگوں کے مسائل معلوم کئے جس پر حاجی امیر محمد کاکوزئی، ملک عنایت اللہ اچکزئی ایڈووکیٹ، عبدالباری خلجی،، عابد علی کاکڑ اور دیگر متعدد علاقہ مکینوں نے بتایا ہے کہ کلی خانان سے پہلے پانی مل رہا تھا لیکن کئی عرصوں سے کلی خانان کا پانی صرف کلی خانان کی مسجد تک پہنچتا ہے، بار بار محکمہ واسا حکام سے رابطہ اور مطالبہ کرنے کے باوجود پانی کی فراہمی ممکن نہیں بنائی گئی، صاحب حیثیت تو ٹینکر خرید کر گزر بسر کرتے ہیں لیکن غریب اور سفید پوش طبقہ دور دراز علاقوں سے پانی لانے پر مجبور ہے یا قریبی اگر کوئی نجی ٹیوب ویل ہوں 100 منت سماجت کرنے کے بعد انہیں پانی دیا جاتا ہے کچھ لوگ ہاتھ ریڑھی کے ذریعے پانی لارہے ہیں، کوتوال کربلا کا منظر پیش کررہا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، اور چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ کا فوری نوٹس لیکر واسا حکام کو ہدایت جاری کریں، انہوں نے اس ضمن میں ایم ڈی واسا سے بھی علاقے کا تفصیلی دورہ کرنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ اس علاقے کو پانی کی فراہمی کیلئے فوری طور پر بوسیدہ اور خراب پائپ لائنوں کی مرمت کی جائے اور علاقہ مکین کو مناسب پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ اگر مسئلہ حل نہیں ہوا تو علاقے کے لوگ سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطہ کرکے سخت سے سخت احتجاجی تحریک چلائینگے۔ اس سلسلے میں مشرق سروے ٹیم نے واسا کے ایس ڈی او سے رابطہ قائم کیا جس پر انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا





# کوئٹہ میں بجلی اور گیس کی طویل لوڈشیڈنگ جاری ہے

**بجلی 16 گھنٹے اور گیس رات 11 بجے جاکر صبح 10 بجے آتی ہے، شہری**

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں گیس وبجلی کی جانب سے نہ رکنے والا ظالمانہ رویہ بدستور جاری ہے بجلی کے لوڈشیڈنگ سولہ گھنٹوں تک پہنچ گیا ہے جبکہ گیس رات گیارہ بجے غائب ہوکر دن دس بجے رونما ہوتے ہیں اور اسی طرح دن کو گیس پریشر میں کمی ہے جس سے عوام انتہائی مشکلات کا شکار ہے متعلقہ محکموں کے افسران عوام کی شکایت دور کرنے کی بجائے فون اٹھانے کی زحمت تک نہیں کرسکتے واضح رہے کہ ہر سال بجلی وگیس کی موسمی لحاظ سے لوڈشیڈنگ ہوتی تھی لیکن اس سال موجودہ حکومت اور متعلقہ کیسکو وگیس حکام نے لوڈشیڈنگ اور گیس نہ دینے کے حوالے سے ریکارڈ قائم کرلیا ہے بجلی کوئٹہ کے اہم علاقوں میں 16 گھنٹے غائب ہوتی ہے اور گیس رات 11 بجے جاکر صبح 10 بجے آتے ہیں اور ساتھ میں گیس پریشر اور بجلی کی آنکھ مچولی ہے بھی جاری ہے عوام اس دونوں محکموں سے یہاں تک تنگ آچکے ہیں کہ اکثر جگہوں میں عوام نے بجلی و گیس کا میٹر اٹھا کر متعلقہ حکام کے حوالے کیا جبکہ خواتین اور بچوں نے ان دونوں محکموں کے خلاف مختلف جگہوں پر روڈ بند کرکے احتجاج بھی کیا لیکن یہ دونوں محکمے کا رویہ یہاں تک پہنچ گیا کہ عوام کی شکایت کیلئے وقت تک نہیں دیتے بلکہ جب لوگ اس حوالے سے فون کرتے ہیں فون تک اٹینڈ نہیں کرتے اس سلسلے میں مختلف علاقوں کے مکینوں نے یہ کہا کہ اگر رویہ تبدیل نہیں کیا تو ہم سیاسی جماعتوں کے ساتھ ملکر بھرپور احتجاج کرینگے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6    Dated: 14 FEB 2025    Page No. 21

# مایوس نوجوانوں کے لئے بیرون ملک ملازمت، بلوچستان حکومت کی بہترین کاوش!

ملک کا نوجوان طبقہ اپنے مستقبل کیلئے بہت فکر مند ہے چونکہ ملک میں روزگار کے مواقع زمینی حقائق کے مطابق بہت ہی محدود ہیں۔ پڑھے لکھے اور ہنر مند نوجوان اس قدر مایوس دکھائی دے رہے ہیں کہ وہ غیر قانونی طریقے سے بیرونی ممالک جانے کے لیے خطرناک راستوں کا انتخاب کرر ہے ہیں صرف اس لئے کہ وہاں انہیں بہترین روزگار اور اپنا اچھا مستقبل دکھائی دیتا ہے۔ گزشتہ اور رواں برس بہتر مستقبل کے لیے ملک چھوڑ کر جانے والوں کی تعداد میں افسوسناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ تارکین وطن میں صرف وہ نوجوان شامل نہیں جو کم تعلیم یافتہ ہیں بلکہ اعلیٰ تعلیم یافتہ، باصلاحیت اور ہنر مند نوجوان بھی ان میں شامل ہیں جو اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد روزگار کیلئے در بدر کی ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ سرکاری ملازمتیں اب تو ملنا ہی مشکل ہوگئیں ہیں اگر ملازمتیں آتی بھی ہیں تو سیاسی مداخلت، اثر ونفوذ اور رقم دینے والوں کو روزگار مل جاتا ہے، اس عمل اور رویوں سے نوجوان مایوس ہو جاتے ہیں پھر اپنے گھر کی جمع پونجی سمیت جان داؤ پر لگا کر انسانی اسمگلروں کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں جو انہیں دھوکہ دہی اور جھوٹے وعدے کر کے غیر قانونی طریقے سے بیرونی ممالک لے جانے کا اہتمام کرتے ہیں اور پھر پر خطر راستوں میں انسانی اسمگلرز نوجوانوں کے ساتھ غیر انسانی رویہ اپناتے ہیں اور کشتی حادثات جیسے خطرناک واقعات سے متعدد خاندانوں کے چراغ بجھ جاتے ہیں جن سے ان کے والدین اور گھر والوں کی بڑی امیدیں اور توقعات وابستہ ہوتی ہیں وہ تمام خواب چکنا چور ہو جاتے ہیں مگر اس کے ساتھ پورا خاندان گہرے صدمے اور دکھ میں باقی زندگی گزارتا ہے۔ موجودہ حالات میں حکمرانوں کو نوجوانوں پر سرمایہ کاری کرنے کے لیے اپنی مکمل توانائیاں صرف کرنے کی ضرورت ہے، اس سلسلے میں ایک اچھی پیشرفت یہ سامنے آئی ہے کہ بلوچستان کے ہنر مند نوجوانوں کو حکومت کی جانب سے بیرون ملک بھجوانے کے عمل کا آغاز ہو رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ بلوچستان کے باہنر نوجوانوں کو روزگار کیلئے بیرون ملک بھجوانے کے پروگرام کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ آئندہ ہفتے نوجوانوں کا پہلا بیج سعودی عرب روانہ ہوگا، 24 نوجوانوں کی تربیت مکمل، مزید کی نامزدگی کا عمل جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ سرکاری سطح پر پاکستان کی تاریخ کا پہلا پروگرام بلوچستان سے شروع ہونے جارہا ہے، 5 سال میں 30 ہزار نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر بیرون ملک روزگار کیلئے بھیجنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ 2375 نوجوانوں کو رواں سال جون تک بھجوانے کے انتظامات کو حتمی شکل دی جائے گی۔ واضح رہے کہ شہباز شریف نے پاکستانی نوجوانوں کی بیرون ملک ملازمت کیلئے دوست ممالک کی مارکیٹوں کے مطابق لائحہ عمل ترتیب دینے اور بیرون ملک ملازمت فراہم کرنے والی جعلی، بغیر لائسنس کمپنیز کیخلاف اقدامات اٹھانے کی ہدایت کردی۔ پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے حوالے سے اجلاس میں وزیر اعظم نے کہا تھا کہ اڑان پاکستان منصوبے سے ملک بھر میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ موجودہ حکومت کو نوجوانوں کیلئے ملک کے اندر اور بیرون ممالک باعزت روزگار کیلئے مستقل اور موثر پالیسی بنانی چاہئے تاکہ نوجوان طبقہ غلط راستوں کا انتخاب نہ کریں خاص کر نوجوانوں کا ایک بڑا طبقہ "ڈنکی" کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس راستے کے ذریعے ان کے زندہ رہنے کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اس امر کو اب سنجیدگی سے لیتے ہوئے باعزت روزگار دینے کے لیے ملک اور بیرون ممالک انتظام کیا جائے تاکہ نوجوانوں میں موجود مایوسی ایک شاندار مستقبل کی نوید میں بدل جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: [illegible]

Bullet No. 6 Dated: 14 FEB 2025 Page No. 22

## سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی منصوبوں کی پیش رفت تیز کرنے کی ضرورت پر زور!

بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے وفاقی وزیر ترقیات ومنصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی منصوبوں کی پیش رفت تیز کرنے پر زور دیا اور کہا کہ متاثرہ علاقوں میں عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ لہٰذا ان منصوبوں کو فوری اور موثر انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

وفاقی وزیر ترقیات ومنصوبہ بندی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ورلڈ بینک کے معاونتی، بحالی منصوبوں پر حکومت بلوچستان کے تحفظات دور کئے جائیں گے تاکہ صوبے کو زیادہ فوائد حاصل ہوسکیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی منصوبوں کی پیش رفت تیز کرنے پر زور دینے کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ صوبائی حکومت نے اپنے وسائل کے مطابق متاثرین کی امداد کی ہے لیکن یہ ان کے لیے ناکافی تھی اس طرح وفاقی حکومت کو اس سلسلے میں متاثرین سیلاب کی فوری طور پر مدد کرنے کی اشد ضرورت تھی لیکن افسوس کی بات ہے کہ وفاقی حکومت نے اس سلسلے میں کوئی پیش رفت نہیں کی جس کے باعث یہ کام التواء کا شکار ہوگیا اور متاثرین کی بحالی نہ ہوسکی۔

اب وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقیات احسن اقبال کی زیر صدارت بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ہونیوالے اجلاس اس کام کو کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے بشرطیکہ اس پر عملی طور پر اقدامات کئے جائیں کیونکہ ہمارے ہاں یہ المیہ رہا ہے کہ اس طرح کے پروگرام اکثر سست روی اور مبینہ طور پر غفلت کا شکار ہوجاتے ہیں اور اس کا زیادہ نقصان متاثرہ عوام کو ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ اس کشمکش میں ریلیف سے محروم رہ جاتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 14 FEB 2025 Page No.



سبی: صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی ڈسٹرکٹ چیئرمین سردارزادہ میر بجار خان ڈومکی سبی میلہ واسپاں کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

## MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر سردار فیصل جمالی سبی میلہ مویشیاں واسپاں 2025 کی افتتاحی تقریب کے موقع پر محکمہ امور حیوانات کے آفیسران میں سوئیز تقسیم کررہے ہیں



صوبائی وزیر فیصل جمالی چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل میر بجار چاکر ڈومکی کو سوینئر دے رہے ہیں



کوئٹہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سے بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، محمد عمر جتک، عابد بٹ، غفور شاہ مزدوروں کے مسائل کے حوالے سے ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ روش بائیوٹک اور حکومت بلوچستان کے اشتراک سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں



صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی میلہ مویشیاں واسپاں 2025 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

## Century Express Quetta



اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری کے سول سیکرٹریٹ میں اپنے دفتر کا چارج سنبھالنے کے موقع پر پیپلز پارٹی کے کارکنوں سمیت زہری قبیلے سے تعلق رکھنے والے افراد بڑی تعداد میں موجود ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 14 FEB 2025 Page No.



کوئٹہ، آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری سے آئی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری اور آئی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ شیلڈ کا تبادلہ کررہے ہیں

CamScanner